# 10۔ موالات

## ۱۰۔ موالات

مسئلہ۳۰۴۔ نماز پڑھنےوالے کو چاہئے کہ نماز کے اجزاء مثلاً رکوع، سجدہ اور تشہد وغیرہ کو پے در پے بجالائے اور ان کے درمیان طویل اور غیرمعمولی فاصلہ نہ ڈالے۔ اس عمل کو موالات کہتے ہیں۔ بنابرایں اگر نماز کے اجزاء کے درمیان اتنا فاصلہ ڈالے کہ دیکھنے والے کی نظر میں نماز کی حالت سے خارج ہوجائے تو نماز باطل ہے۔

مسئلہ۳۰۵۔ اگر کچھ کلمات یا ایک کلمے کے حروف کے درمیان بھولے سے غیر معمولی فاصلہ ڈال دے لیکن ایسا نہ ہو کہ نماز کی صورت ختم ہوجائے اور اس کے بعد والے رکن میں پہنچنے کے بعد متوجہ ہوجائے تو نماز صحیح ہے اور ان کلمات اور جملوں کو دوبارہ پڑھنا لازم نہیں ہے لیکن اگر بعد والے رکن میں پہنچنے سے پہلے متوجہ ہوجائے تو پلٹ جائے اور دوبارہ پڑھے۔

مسئلہ۳۰۶۔ رکوع اور سجدوں کے ذکر کو لمبا کرنا یا لمبی سورتیں پڑھنا موالات ٹوٹنے کا باعث نہیں ہے۔